ہرا بھرا پنجاب

پریس ریلیز

وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر جعلی زرعی ادویات کے خلاف صوبہ بھر میں کریک ڈاؤن جاری

کاشتکاروں کا استحصال کرنے والے عناصر کو نشانِ عبرت بنایا جائے گا۔وزیر زراعت پنجاب

لاہور: 05 مئی 2024

- وزیراعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف کے ویژن کے مطابق کاشتکاروں کو معیاری زرعی مداخل کی فراہمی کیلئے زیرو ٹالرنس پالیسی پر عملدرآمد کیا جارہا ہے۔وزیر زراعت پنجاب سید عاشق حسین کرمانی
- جعلی زرعی ادویات کے کاروبار میں ملوث افراد سے آہنی ہاتھوں سے نبٹا جارہا ہے۔وزیر زراعت پنجاب
- کاشتکاروں کا استحصال کرنے والی کالی بھیڑوں کا محاسبہ کیا جائے گا۔سید عاشق حسین کرمانی
- ایسے مکروہ دھندے میں ملوث افراد کسی بھی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔سیکرٹری زراعت پنجاب افتخار علی سہو
- وزیراعلیٰ پنجاب کی ہدایات پر عملدرآمد کرتے ہوئے محکمہ زراعت صوبہ بھر میں ایسے افراد کے خلاف کریک ڈاؤن کر رہا ہے۔ افتخار علی سہو
- ڈاکٹر محمد اویس پیسٹی سائیڈ انسپکٹر چیچہ وطنی نے حافظ عثمان سیلز آفیسر، ریگل کراپ سائنسز، اقبال نگر چیچہ وطنی کی قائم کردہ غیر رجسٹرڈ دوکان پر ریڈ کیا اور غیر قانونی طور پر فروخت ہونے والی 6 لاکھ روپے مالیت کی زرعی ادویات کو ضبط کیا گیا
- پیسٹی سائیڈ آرڈیننس A-21 کے تحت ملزم کے خلاف مقدمہ درج۔

☆☆☆☆

محکمہ زراعت حکومت پنجاب